# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 25 July-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۵/جولائی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ بھارت اور برطانیہ کے درمیان معاشی اور آزادانہ تجارتی معاہدوں پر دستخط۔

☆ قومی امدادِ باہمی پالیسی کا اعلان؛ بھارت دنیا کی تیسری بڑی معیشت بن کر رہے گا: امدادِ باہمی کے وزیر امت شاہ کی یقین دہانی۔

☆ ممبئی مضافاتی ریلوے بم دھماکوں کے معاملے میں ممبئی عدالتِ عالیہ کے فیصلے پر عدالتِ عظمیٰ نے لگائی روک۔

☆ وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں جواہر لال نہرو یونیورسٹی میں تحفظ و مطالعہ مرکز اور مراٹھی لسانی شعبے کا افتتاح۔

☆ خواتین کے فڑے شطرنج عالمی کپ ٹورنامنٹ کے خطاب کیلئے کونیرو ہمپی اور دیویا دیشمکھ کے درمیان مقابلہ۔

اور۔۔۔☆

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

بھارت اور برطانیہ کے درمیان تاریخی‘ اقتصادی اور آزادانہ تجارتی معاہدے پر مہر ثبت ہو چکی ہے۔ کل‘ لندن میں وزیرِ اعظم نریندر مودی اور برطانیہ کے وزیرِ اعظم کیر اِسٹارمر کے مابین باہمی اجلاس میں اس سے متعلق مفاہمتی معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے یہ معاہدہ ملک کے کسانوں اور ماہی گیروں سمیت چھوٹی و درمیانی درجے کی صنعتوں اور نوجوانوں کیلئے مفید ثابت ہونے کے یقین کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

دریں اثنا‘ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج مالدیپ کے دورے پر جائیں گے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے امدادِ باہمی شعبے سے متعلق پالیسی 2025 کا اعلان کیا ہے۔ داخلہ اور باہمی تعاون کے مرکزی وزیر امیت شاہ کی موجودگی میں کل دلّی میں اس پالیسی کا اعلان کیا گیا۔ وزیرِ داخلہ شاہ نے یہ پالیسی ترقی یافتہ بھارت کے عزم اور 2027 میں بھارت دنیا کی تیسری بڑی معیشت بننے میں معاون ثابت ہونے کے یقین کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Home Minister Amit Shah**

***** ***** *****

پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس کا کام کاج کل مسلسل چوتھے دن بھی متاثر ہوا۔ کام کاج میں مسلسل خلل پڑنے کے سبب دونوں ہی ایوانوں کی کارروائی پہلے دوپہر دو بجے تک اور بعد میں دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

دریں اثنا‘ راجیہ سبھا میں نو منتخبہ رُکن ایڈوکیٹ اُجول نکم کو نائب چیئرمین ہری ونش نے عہدے کا حلف دلایا۔ نکم نے مراٹھی زبان میں حلف اٹھایا۔

بعد ازاں‘ راجیہ سبھا رکنیت کی معیاد مکمل کرنے والے چھ اراکینِ پارلیمان کو کل ایوان میں وداعیہ دیا گیا۔

***** ***** *****

اقتصادی جعلسازی اور سیاہ دولت کو قانونی شکل دینے کے ایک معاملے میں ریلائنس انیل امبانی گروپ کی تقریباً پچاس کمپنیوں پر کل انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے چھاپے مارے۔ ای ڈی کی ابتدائی تحقیقات میں 2017 تا 2019 کے درمیان ایک خانگی بینک سے تین ہزار کروڑ روپے کے قرض کے معاملے میں بدعنوانی کا انکشاف ہونے کے بعد یہ کارروائی کی گئی۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ نے 2006 میں ممبئی کی مضافاتی ٹرینوں میں سلسلہ وار بم دھماکوں کے معاملے میں ماخوذ 12 ملزمان کو باعزت بری کرنے کے ممبئی ہائیکورٹ کے فیصلے پر روک لگا دی ہے۔ تاہم، عدالتِ عظمیٰ نے سنوائی کے دوران متعلقہ ملزمان کو دوبارہ حراست میں رکھنے کی ضرورت نہ ہونے کا فیصلہ سنایا ہے۔

***** ***** *****

ممبئی عدالتِ عالیہ نے ریاست میں چھ فٹ کے قد سے بڑی گنیش مورتیوں کا قدرتی آبی ذخائر میں وسرجن کرنے کی منظوری دی ہے۔ تاہم، یہ منظوری صرف رواں سال کیلئے ہونے کی وضاحت عدالت نے اپنے فیصلے میں کی ہے۔ ریاست کی تمام میونسپل کارپوریشنوں اور مقامی خود مختار اداروں کو ان احکامات پر سختی سے عمل درآمد کرنے کی ہدایات بھی عدالت نے اس فیصلے میں دیں۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

سواتنتریہ ویر ونایک دامودر ساورکر سے متعلق مبینہ توہین آمیز بیان دینے کے ایک معاملے میں کانگریس قائد اور رکنِ پارلیمان راہل گاندھی کی ضمانت کی درخواست ناسک کی سیشن عدالت نے منظور کر لی ہے۔ راہل گاندھی نے ورچول طریقے سے عدالتی سنوائی میں شرکت کی۔ راہل گاندھی نے ہنگولی میں مذکورہ بیان دیا تھا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے مراٹھی زبان سمیت ملک کی دیگر زبانوں پر بھی فخر کرنے کی ضرورت کا اظہار کیا ہے۔ کل، دہلی کی جواہر لال نہرو یونیورسٹی میں ''چھترپتی شیواجی مہاراج تحفظ اور مطالعاتی مرکز'' کا سنگِ بنیاد اور ''کسما گرج مراٹھی زبان تہذیبی وثقافتی مرکز'' کا افتتاح وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس موقع پر وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے مراٹھی و دیگر زبانوں سے متعلق تنازع کو غیر ضروری قرار دیتے ہوئے مراٹھی سمیت دیگر ملکی زبانیں ہی ریاستی حکومت کا مؤقف ہونے کی وضاحت بھی کی۔

***** ***** *****

پونے کے کُل ہند مراٹھی ادبِ اطفال ادارہ کے ریاستی سطح کا لیلا تائی بھاگوت ادبی ایوارڈ بیڑ ضلع کے شرور کاسار کے ادیب ڈاکٹر وِٹھل جادھو کو ان کی تجزیاتی تصنیف ''ایکوساو یاشتکار سمجھیے بال ساہتیہ'' کیلئے دیا جائے گا۔ آئندہ 2 اگست کو پونے میں ایک تقریب کے دوران یہ ایوارڈ جادھو کو تفویض کیا جائے گا۔

***** ***** *****

جارجیا کے بٹومی میں جاری خواتین کے فڑے شطرنج عالمی کپ مقابلوں کا فائنل دو بھارتی کھلاڑی کونیرو ہمپی اور دیویا دیشمکھ کے مابین کھیلا جائے گا۔ دیویا دیشمکھ نے سیمی فائنل مقابلے میں چین کی اپنی حریف کھلاڑی تان ژونگیی کو، جبکہ کونیرو ہمپی نے چین ہی کی لیئی ٹنگجی کو شکست سے دوچار کر کے فائنل میں رسائی حاصل کی۔ فائنل مقابلہ کل کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

کرکٹ: مینچسٹر میں جاری اینڈرسن۔ٹینڈولکر ٹیسٹ کرکٹ سیریز کے چوتھے میچ کے دوسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک انگلینڈ نے اپنی پہلی اننگ میں دو وِکٹ کے نقصان پر 225 رنز بنا لیے ہیں۔اس سے قبل بھارت کی پہلی اننگ 358 رنوں پر سمٹ گئی۔انگلینڈ فی الحال 133 رنوں سے پیچھے ہے۔

***** ***** *****

پربھنی میں کل آنگن واڑی خدمت گاروں، چائلڈ ہوم کے نگراں کاروں اور ملازمین کیلئے تحفظِ حقوقِ اطفال سے متعلق قوانین سے آگاہی کا ایک تربیتی ورہنمائی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔مختلف قانونی ماہرین نے اس موقعے پر حاضرین کی رہنمائی کی۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں آئندہ 30 ستمبر تک مرکزی حکومت کی اقتصادی شمولیت مہم چلائی جا رہی ہے۔اس مہم کے دوران جن دھن بینک اکاؤنٹ کھولنے سمیت مرکزی حکومت کی بیمہ اور پنشن اسکیم کے علاوہ سماجی تحفظ کی دیگر اسکیمات کا فائدہ مستحقین کو پہنچایا جائے گا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع میں گذشتہ اپریل اور مئی 2025 کے دوران ہوئی بے موسمی بارش کے سبب گیارہ ہزار 788 کسانوں کو 988 ہیکٹر اراضی پر ہوئے نقصان کے ازالے کے طور پر نو کروڑ روپئے کی امداد منظور کی گئی ہے۔یہ رقم جلد ہی متاثرہ کسانوں کے بینک کھاتوں میں منتقل کیے جانے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

اسی بیچ دھاراشیو تحصیل دفتر میں آج صبح گیارہ بجے ستی عدالت کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔تعلقے کے تمام کسانوں سے اس سے استفادہ کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے چھترپتی سمبھاجی نگر کے ڈویژنل کمشنر کو پربھنی ضلعے کے پاتھری تعلقے میں شدید بارش سے متاثرہ علاقوں میں ہونے والے نقصانات کے پنچنامے کر کے مرکزی اور ریاستی حکومت کے قواعد وضوابط کے مطابق مالی مدد دینے کی ہدایت دی ہے۔ پربھنی کے رُکنِ اسمبلی راجیش وِٹیکر نے یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

موسم: محکمۂ موسمیات نے وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ کے کئی علاقوں میں آج تیز ہواؤں، بجلی کی چمک اور بادلوں کی گرج کے ساتھ موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بھارت اور برطانیہ کے درمیان معاشی اور آزادانہ تجارتی معاہدوں پر دستخط۔

☆ قومی امدادِ باہمی پالیسی کا اعلان؛ بھارت دنیا کی تیسری بڑی معیشت بن کر رہے گا: امدادِ باہمی کے وزیر امت شاہ کی یقین دہانی۔

☆ ممبئی مضافاتی ریلوے بم دھماکوں کے معاملے میں ممبئی عدالتِ عالیہ کے فیصلے پر عدالتِ عظمیٰ نے لگائی روک۔

☆ وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں جواہر لال نہرو یونیورسٹی میں تحفظ و مطالعہ مرکز اور مراٹھی لسانی شعبے کا افتتاح۔

اور۔۔۔☆ خواتین کے فڑے شطرنج عالمی کپ ٹورنامنٹ کے خطاب کیلئے کونیرو ہمپی اور دیویا دیشمکھ کے درمیان مقابلہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****